روزنامہ ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L 61

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

بدھ 12 جون 2002ء 1423 ہجری-12 احسان 1381 ہش جلد 52-87 نمبر 130

## کسریٰ کے کنگن

آنحضرت ﷺ کی ہجرت کے وقت سراقہ نے رسول اللہ کا تعاقب کیا مگر گھوڑا گرنے کا نشان دیکھ کر ڈر گیا۔ حضورؐ نے اسے امن کی تحریر عطا کی اور فرمایا اس وقت تیرا کیا حال ہوگا جب تیرے ہاتھوں میں کسریٰ کے کنگن ہوں گے۔ حضرت عمرؓ کے زمانہ خلافت میں کسریٰ کا خزانہ آیا تو اس میں کنگن بھی تھے۔ حضرت عمرؓ نے فتح مکہ کے بعد اسلام قبول کرنے والے سراقہ کے ہاتھوں میں وہ کنگن پہنائے جو قیمتی جواہرات سے لدے ہوئے تھے۔

(اسد الغابہ ذکر سراقہ)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

☆ الہام۔ میں تجھے بہت برکت دوں گا یہاں تک کہ بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن۔ جلد 22 ص 100)

☆ ایک دفعہ میں نے خواب میں دیکھا تھا کہ ایک شخص میرا نام لکھ رہا ہے تو آدھا نام اس نے عربی میں لکھا ہے اور آدھا انگریزی میں لکھا ہے انبیاء کے ساتھ ہجرت بھی ہے لیکن بعض رویا نبی کے زمانہ میں پورے ہوتے ہیں اور بعض اولاد یا کسی متبع کے ذریعہ پورے ہوتے ہیں۔

(بدر 7 ستمبر 1905ء)

☆ میں نے دیکھا کہ میں شہر لندن میں ایک منبر پر کھڑا ہوں اور انگریزی زبان میں ایک نہایت مدلل بیان سے (دین) کی صداقت ظاہر کر رہا ہوں بعد اس کے میں نے بہت سے پرندے پکڑے جو چھوٹے چھوٹے درختوں پر بیٹھے ہوئے تھے......... سو میں نے اس کی یہ تعبیر کی کہ اگرچہ میں نہیں مگر میری تحریریں ان لوگوں میں پھیلیں گی اور بہت سے راستباز انگریز صداقت کا شکار ہو جائیں گے۔

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص 377)

☆ الہام 1882ء۔ وسع مکانک یعنی اپنے مکان کو وسیع کرلے۔

(سراج منیر۔ روحانی خزائن جلد 12 ص 73)

☆ الہام (۔) میں رحمان ہوں ہر ایک امر میں تجھے سہولت دوں گا۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 98)

☆ میری جماعت کی تعداد نہایت قلیل تھی اور یا اب وہ وقت کہ تم دیکھتے ہو کہ ایک کثیر جماعت میرے ساتھ ہے اور جماعت کی تعداد تین لاکھ تک پہنچ چکی ہے اور دن بدن ترقی ہو رہی ہے اور یقیناً کروڑوں تک پہنچے گی۔

(لیکچر لدھیانہ۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 250)

## جلد سے جلد وصیتیں کرو

✪ حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔
"تم جلد سے جلد وصیتیں کرو تا کہ جلد سے جلد نظام نو کی تعمیر ہو اور وہ مبارک دن آجائے جبکہ چاروں طرف دین حق اور احمدیت کا جھنڈا لہرانے لگے۔"

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

## خصوصی درخواست دعا

✪ حضرت صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب امیر جماعت احمدیہ امریکہ کی صحت کے بارہ میں محترم صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی کی مرسلہ اطلاع کے مطابق:۔

حضرت صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب چند روز سے ہسپتال میں داخل ہیں قبل ازیں I.C.U اوارڈ میں داخل تھے لیکن اب وہ پرائیویٹ کمرے میں آ گئے ہیں۔ کمزوری بہت زیادہ ہے۔ احباب جماعت سے اس نافع الناس وجود کی مکمل شفایابی کیلئے عاجزانہ درخواست دعا ہے۔

## سوئمنگ سیکھنے کا سنہری موقع

✪ امسال مجلس خدام الاحمدیہ کے زیر اہتمام خاص طور پر ان طلباء کیلئے جن کی تعطیلات شروع ہو چکی ہیں ماہر کوچ کی مدد سے سوئمنگ پول ربوہ پر سوئمنگ کوچنگ اور سوئمنگ سکھانے کیلئے کیمپ کا انعقاد 5 جون 2002ء بعد از نماز فجر صبح 6-15 تا 15-7 شروع کیا جا رہا ہے۔ تمام والدین سے گزارش ہے کہ اپنے بچوں کو اس مفید ہنر سے ضرور آشنا کروائیں۔ (کوچنگ فیس مبلغ 50 روپے ماہانہ ہے۔ جبکہ معمول کی سوئمنگ پول فیس اس کے علاوہ ہوگی)

(انچارج سوئمنگ پول ربوہ)

## جامعہ احمدیہ میں داخلہ

✪ جامعہ احمدیہ میں داخلہ کیلئے انٹرویو مورخہ 10۔ اگست 2002ء بروز ہفتہ بوقت 00-8 بجے صبح ہوگا۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

# تاریخ احمدیت منزل بہ منزل

مرتبہ ابن رشید

## دین اور انسانیت کی خدمت کا سفر

## 1891ء

| | |
|---|---|
| 3 مارچ | حضور کا سفر لدھیانہ |
| 26 مارچ | مشہور علماء کو تحریری مباحثہ کی دعوت مگر کوئی آمادہ نہ ہوا |
| — | مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی اور دوسرے سجادہ نشینوں کو تحریری مباحثہ کی دعوت اوران کا انکار |
| — | مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کو تقریری مباحثہ کی دعوت اوران کا انکار |
| 2 مئی | حضور نے ایک اشتہار کے ذریعہ اپنی پہلی بیوی کو خلاف دین سرگرمیوں سے باز رہنے کی ہدایت فرمائی |
| 20 مئی | پادریوں کو وفات مسیح پر تبادلہ خیالات کی دعوت |
| — | ازالہ اوہام کی تصنیف واشاعت 30 آیات قرآنی سے وفات مسیح کا استدلال اور لفظ توفی اور الدجال کے بارہ میں ایک ہزار روپیہ کا انعامی چیلنج دیا۔ |
| 29 مئی | مولوی غلام نبی صاحب خوشابی کی لدھیانہ میں حضور سے ملاقات لفظ توفی کے متعلق چند منٹ کی گفتگو کے بعد انہوں نے بیعت کر لی۔ |
| جولائی | حضور کی صاحبزادی عصمت صاحبہ کی وفات |
| جولائی | حضور کا سفر امرتسر اور لدھیانہ |
| 10 جولائی | مکہ معظمہ کے پہلے فرد حضرت شیخ محمد بن شیخ احمد مکی کی دستی بیعت |
| 20 تا 29 جولائی | لدھیانہ میں مولوی محمد حسین بٹالوی سے مباحثہ جو ''الحق لدھیانہ'' کے نام سے شائع ہوا۔ |
| — | حضور کا سفر امرتسر پھر لدھیانہ اور قادیان واپسی |
| 23 ستمبر | حیدرآباد جماعت کے بانی رکن حضرت مولوی مردان علی صاحب کی بیعت |
| 29 ستمبر | حضور کا سفر دلی |
| 2 اکتوبر | حضور نے مولوی نذیر حسین صاحب دہلوی اور مولوی عبدالحق صاحب کو مباحثہ کی دعوت دی مگر انہوں نے گریز کیا۔ |
| 20 اکتوبر | حضور مولوی نذیر حسین صاحب کے ساتھ مقابلہ کے لئے جامع مسجد دہلی تشریف لے گئے مگر مولوی صاحب مقابلہ پر نہ آئے |
| 23 اکتوبر | دہلی میں مولوی محمد بشیر صاحب بھوپالوی سے مناظرہ جو ''الحق دہلی'' کے نام سے شائع ہوا۔ |
| | حضور کا سفر لدھیانہ۔ اس وقت احمدیہ بیت الذکر کپورتھلہ کا مقدمہ دائر تھا حضور نے فرمایا اگر یہ سلسلہ خدا کی طرف سے ہے تو یہ بیت الذکر تمہارے پاس واپس آئے گی۔ چنانچہ 1905ء میں احمدیوں کے حق میں فیصلہ ہوگیا۔ |
| — | حضور کا سفر پٹیالہ اور مولوی محمد اسحاق کو تحریری مباحثہ کا کھلا چیلنج |
| دسمبر | ''آسمانی فیصلہ'' کی تصنیف واشاعت اور علماء کو روحانی مقابلہ کی پہلی عام دعوت۔ |
| 27 دسمبر | جماعت احمدیہ کا پہلا جلسہ سالانہ بیت اقصیٰ قادیان میں بعد نماز ظہر منعقد ہوا۔ اس میں 75 افراد شریک ہوئے۔ حضور کی تازہ تصنیف 'آسمانی فیصلہ' حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی نے پڑھ کر سنائی اور اس میں مجوزہ انجمن کے متعلق غور وفکر ہوا۔ |
| 30 دسمبر | حضور نے ایک اشتہار کے ذریعہ ہر سال 27 تا 29 دسمبر جلسہ کے انعقاد کا اعلان فرمایا۔ |
| | امسال نکودر ضلع جالندھر سے شہاب الدین غوری نے ''تائید براہین احمدیہ'' لکھی۔ |

# احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

پاکستانی وقت کے مطابق

### جمعہ 14/ جون 2002ء

| | |
|---|---|
| 12-05 a.m | لقاء مع العرب پروگرام نمبر 132 |
| 1-15 a.m | عربی سروس |
| 2-05 a.m | چلڈرنز کارنر۔ واقفین نو کا پروگرام |
| 2-40 a.m | مجلس سوال و جواب حضور ایدہ اللہ کے ساتھ |
| 3-45 a.m | ایم ٹی اے لائف سٹائل (ہنر) |
| 3-55 a.m | ایم ٹی اے لائف سٹائل (المائدہ) |
| 4-30 a.m | ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 256 |
| 5-30 a.m | سفر بذریعہ ایم ٹی اے |
| 6-05 a.m | تلاوت۔ درس حدیث۔ عالمی خبریں |
| 7-00 a.m | یسرنا القرآن سیکھئے پروگرام نمبر 20 |
| 7-30 a.m | مجلس عرفان |
| 8-30 a.m | آل ربوہ بیڈ منٹن، ٹیبل ٹینس ٹورنامنٹ |
| 9-20 a.m | دستاویزی پروگرام |
| 10-20 a.m | سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم |
| 10-55 a.m | ہومیو پیتھی کلاس نمبر 80 مورخہ 20-5-95 |
| 12-00 p.m | تلاوت۔ عالمی خبریں |
| 12-30 p.m | لقاء مع العرب |
| 1-35 p.m | سرائیکی سروس۔ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم |
| 2-40 p.m | مجلس عرفان |
| 3-40 p.m | تعارف۔ انٹرویو مکرم مجیب الرحمان ایڈووکیٹ صاحب |
| 4-15 p.m | انڈونیشین سروس |
| 5-25 p.m | سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم |
| 6-00 p.m | خطبہ جمعہ۔ حضور ایدہ اللہ۔ براہ راست |
| 7-05 p.m | تلاوت۔ درس ملفوظات۔ عالمی خبریں |
| 8-00 p.m | بنگالی احباب سے حضور ایدہ اللہ کی ملاقات 4-6-2002 |
| 9-05 p.m | خطبہ جمعہ حضور ایدہ اللہ 14-6-2002 |
| 10-05 p.m | یسرنا القرآن سیکھئے پروگرام نمبر 20 |
| 10-30 p.m | فرانسیسی سروس |
| 11-30 p.m | جرمن سروس |

### ہفتہ 15/ جون 2002ء

| | |
|---|---|
| 12-35 a.m | لقاء مع العرب پروگرام نمبر 133 |
| 1-40 a.m | عربی سروس۔ مختلف پروگرام |
| 2-40 a.m | مجلس عرفان 7-5-2000 |
| 3-45 a.m | خطبہ جمعہ فرمودہ حضور ایدہ اللہ 14-6-2002 |
| 4-45 a.m | درس حدیث |
| 4-55 a.m | ہومیو پیتھی کلاس نمبر 80 |
| 6-05 a.m | تلاوت۔ عالمی خبریں۔ درس حدیث |
| 7-00 a.m | یسرنا القرآن سیکھئے پروگرام نمبر 19 |
| 7-20 a.m | مجلس سوال و جواب حضور ایدہ اللہ کے ساتھ 12-12-96 |
| 8-35 a.m | کہکشاں۔ انفاق فی سبیل اللہ |
| 9-10 a.m | اردو کلاس نمبر 418۔ مورخہ 14-10-98 |
| 10-20 a.m | فرانسیسی سیکھئے |
| 10-55 a.m | جرمن خواتین کی حضور ایدہ اللہ سے ملاقات 5-6-2002 |
| 12-05 p.m | تلاوت۔ عالمی خبریں |
| 12-30 p.m | لقاء مع العرب نمبر 134 مورخہ 5-3-96 |
| 1-40 p.m | فرانسیسی سروس |
| 2-25 p.m | درس القرآن کلاس نمبر 19 مورخہ 12-8-96 |
| 4-10 p.m | انڈونیشین سروس |
| 5-10 p.m | پروگرام کہکشاں |
| 5-30 p.m | سفر ہم نے کیا بذریعہ ایم ٹی اے |
| 6-05 p.m | تلاوت۔ درس حدیث۔ عالمی خبریں |
| 6-50 p.m | اردو کلاس نمبر 418 |

باقی صفحہ 7 پر

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے

اک قطرہ اس کے فضل نے دریا بنا دیا — میں خاک تھا اسی نے ثریا بنا دیا

# سیدنا حضرت مسیح موعود- پاکیزہ سیرت کے چند گوشے

## نشانات، قبولیت دعا، علمی اور خارق عادت معجزے، آپ کی جذب وتاثیر کے ایمان افروز واقعات

مکرم مولانا محمد اعظم اکسیر صاحب

قسط اول

گزشتہ صدی کے وسط میں ہندوستان کے صوبہ مشرقی پنجاب کی نہایت معمولی گمنام بستی قادیان سے ایک آواز بلند ہوئی- یہ آواز جس انسان کی زبان سے نکلی وہ خدا کی مجسم قدرت تھا- سیدنا حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود کو مارچ 1882ء میں ماموریت کا الہام ہوا- آپ نے ایک اشتہار کے ذریعے ہندوستان اور دنیا کے دیگر ممالک کو مخاطب کرکے اپنی ماموریت سے آگاہ فرمایا- آپ کا مامور ہونا- ہستی باری تعالیٰ کی طرف تمام انسانیت کو کھینچ لانے کی غرض سے تھا- اس غرض کے لئے خدائے قادر نے آپ کو غیر معمولی خارق عادت نشانات ومعجزات سے نوازا- آپ فرماتے ہیں:-

''میری تائید میں اس نے وہ نشان ظاہر فرمائے ہیں کہ......... اگر میں ان کو فرداً فرداً شمار کروں تو میں خداتعالیٰ کی قسم کھا کر کہہ سکتا ہوں کہ وہ تین لاکھ سے بھی زیادہ ہیں- اور اگر کوئی میری قسم کا اعتبار نہ کرے تو میں اس کو ثبوت دے سکتا ہوں-''

(حقیقۃ الوحی- روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 72-71)

### قادیان اور رجوع خلائق

حضرت بھائی عبدالرحمٰن صاحب قادیانی 1895ء میں سفر کرکے قادیان پہنچنے کا حال بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:-

''سیالکوٹ سے لاہور پھر امرتسر سے ہو کر ٹرین کے ذریعہ 9 بجے بٹالہ پہنچا- جمعہ کا دن تھا پروگرام کے مطابق نماز جمعہ حضرت مسیح موعود کے حضور پہنچ کر پڑھنے کا ارادہ تھا- تصور یہ تھا کہ بٹالہ سٹیشن سے سواری مل جائے گی اور آرام سے قادیان! مگر ہوا کیا- سٹیشن پر یکہ بان- ریڑھ اور گڈ والے جگہ جگہ کا نام پکار رہے تھے مگر پوچھنے پر بھی کوئی قادیان کا نام نہ لیتا تھا- البتہ پوچھنے اور کریدنے پر بعض لوگ کہتے: کادیں تو ہے مگر قادیان نام کی ادھر کوئی جگہ نہیں تھانے سے پتہ کرو! دن کے 12 بج گئے اور میں سٹیشن- منڈی اور تھانہ کچہری کے علاقے میں تلاش کرتا رہا مگر کوئی نہ ملا جو قادیان کا پتہ دیتا- تھک کر واپسی کا ارادہ کرلیا- تب اچانک ایک شخص نے آکر پوچھا کہ آپ نے مرزا صاحب والی قادیان جانا ہے؟ میں وہاں کا رہنے والا ہوں- اصل نام قادیان ہی ہے مگر گنوار لوگ کادیں کادیں کہہ دیتے ہیں- وہ شخص تانگے والا تھا میں سوار ہوگیا- دوسری سواری کوئی نہیں تھی- وہ گھوڑے کے لئے چارا لانے کا کہہ کر گیا اور ایک گھنٹہ کے بعد سواری تلاش کرلایا پھر چل پڑے جب بیت اقصیٰ کے گنبد نظر آنے لگے تو کوچوان نے بتایا کہ وہ قادیان ہے اور یہ گنبد مرزا صاحب کی بیت الذکر کے ہیں-''

(رفقائے احمد)

یہ تھا قادیان جہاں جائیداد بے قیمت تھی- چھوٹا پرائمری سکول تھا جس کے استاد کو دو چار روپے الاؤنس کے بدلے ڈاک کا انتظام بھی دیا ہوا تھا- آبادی میں بہت کم لوگ تعلیم یافتہ تھے- خط پڑھانے کے لئے کوئی نہ تھا- ذرائع رسل ورسائل اور نقل وحمل- ٹیلیگرام- ٹیلیفون- پریس وغیرہ کا نام ونشان نہ تھا- پہلی نماز جمعہ ہوئی تو حضور کے علاوہ صرف دو اور افراد شامل تھے- 40 افراد کی بیعت سے جماعت کا آغاز ہوا- پہلے جلسہ سالانہ میں 75 پروانے شامل تھے- جب پہلا بجٹ تیار ہوا تو کل مقدار قریباً 840 روپے سالانہ تھی جس میں 93 چندہ دہندگان شامل تھے- لیکن وقت آ گیا تھا کہ خدا خود لوگوں کو کھینچ لائے چنانچہ ایک مثال سنیئے:-

علاقہ ہزارہ کے بزرگ حضرت مولانا سید سرور شاہ صاحب کو رویا میں یہ بستی دکھائی گئی- اور عجیب بات یہ کہ رویا میں ایک مقام پر ریلوے سٹیشن بھی تھا- جب حضرت شاہ صاحب قادیان آئے تو سب گلی کوچے عین رویا کے مطابق تھے مگر سٹیشن نام کی کوئی چیز نہ تھی- البتہ بہت سالوں بعد جب قادیان میں ریل آئی تو سٹیشن عین اسی جگہ بنا جہاں رویا میں آپ نے دیکھا تھا-

### ماموریت اور الہامات پر یقین

خداتعالیٰ کی طرف سے ملنے والی بشارات پر حضرت مسیح موعود کو کس قدر کامل یقین تھا-

1- حضرت میاں عبداللہ سنوری صاحب روایت کرتے ہیں کہ:-

جب حضور کو وسع مکانک کا الہام ہوا (یعنی اپنا مکان وسیع کر) تو حضور نے فرمایا کہ مکانات بنوانے کے لئے تو ہمارے پاس روپیہ ہے نہیں- اس حکم الٰہی کی اس طرح تعمیل کر دیتے ہیں کہ دو تین چھپر بنوا لیتے ہیں چنانچہ حضور نے مجھے اس کام کے واسطے امرتسر حکیم محمد شریف صاحب کے پاس بھیجا جو حضور کے دوست تھے اور جن کے پاس حضور اکثر امرتسر میں ٹھہرا کرتے تھے تاکہ میں ان کی معرفت چھپر باندھنے والے اور چھپر کا سامان لے آؤں- چنانچہ میں جا کر حکیم صاحب کی معرفت امرتسر سے آدمی اور چھپر کا سامان لے آیا- اور حضرت صاحب نے اپنے مکان میں تین چھپر تیار کروائے- یہ چھپر کئی سال تک رہے پھر ٹوٹ پھوٹ گئے- (سیرۃ المہدی حصہ اول)

ایک اور واقعہ ہے کہ گورداسپور میں مولوی کرم دین آف بھیں والا مقدمہ چل رہا تھا- مجسٹریٹ چندولعل ہندو تھا- بات مشہور ہوگئی کہ یہ اپنے لیڈر پنڈت لیکھرام کے قتل کا بدلہ حضور کے خلاف فیصلہ دے کر لینا چاہتا ہے- پھر بھری عدالت میں حضور سے سوال کرتا ہے:

کیا آپ کو یہ الہام ہوا ہے (-) یعنی جو آپ کی توہین کرنا چاہے خدا اس کو ذلیل ورسوا کردے گا؟

حضرت مسیح موعود نے بڑے یقین اور وقار کے ساتھ فرمایا:

''ہاں یہ میرا الہام ہے اور خدا کا کلام ہے اور خدا کا مجھ سے یہی وعدہ ہے کہ جو شخص مجھے ذلیل کرنے کا ارادہ کرے گا وہ خود ذلیل کیا جائے گا-''

مجسٹریٹ کہنے لگا: اگر میں آپ کی ہتک کروں تو پھر؟ آپ نے اسی یقین کے ساتھ بلاتامل فرمایا:

''خواہ کوئی کرے وہ خود ذلیل کیا جائے گا''-

مجسٹریٹ نے آپ کو مرعوب کرنے کے لئے دو تین دفعہ یہی سوال دہرایا اور حضور نے ہر دفعہ جلالی انداز میں یہی جواب دیا کہ ''خواہ کوئی کرے'' اس پر ہر طرف سناٹا تھا اور مجسٹریٹ نے مبہوت ومرعوب ہو کر اس روز مزید کارروائی ختم کردی-

حضرت مسیح موعود کے یقین کا ایک سبب کچھ اس طرح ہے کہ خدائے قادر خود آپ کی حفاظت فرما رہا تھا-

ایک دفعہ علم توجہ یعنی ہپناٹزم کا ایک ماہر کسی برات کے ساتھ قادیان آیا- اس نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ قادیان آئے ہیں- چلو مرزا صاحب سے بھی مل لیتے ہیں- دراصل اس نے ارادہ کیا اور ساتھیوں کو بتا بھی دیا کہ وہ اپنے فن سے حضرت مسیح موعود پر اثر ڈالے گا اور بھری مجلس میں حضور سے کوئی نازیبا حرکت سرزد کرائے گا- چنانچہ بتائے بغیر وہ حضرت مسیح موعود کی مجلس میں جا بیٹھا اور اپنا عمل شروع کردیا جبکہ حضور پوری دلجمعی اور سکون سے اپنی گفتگو میں مصروف تھے- اچانک اس شخص کے بدن پر کچھ لرزہ آیا- منہ سے کچھ خوف کی آواز بھی نکلی لیکن سنبھل گیا- اور پھر زیادہ زور سے توجہ ڈالنا شروع کردی لیکن چند لمحات گزرے تھے کہ اس نے ایک چیخ ماری اور بے تحاشا بیت الذکر سے بھاگتا ہوا نیچے اتر گیا- اس کے ساتھی اور بعض دوسرے لوگ بھی پیچھے گئے اور اس کو پکڑ کر سنبھالا- جب اس کے ہوش ٹھکانے آئے تو بتانے لگا کہ میں نے ان پر توجہ ڈالی تو میں نے دیکھا کہ میرے سامنے ایک شیر کھڑا ہے- میں اسے اپنا وہم قرار دے کر سنبھل گیا اور پھر دوبارہ توجہ ڈالنا شروع کی- اس پر میں نے دیکھا کہ وہ شیر میری طرف بڑھ رہا ہے جس سے میرا بدن لرز گیا مگر میں نے پھر اپنے آپ کو سنبھالا اور اپنی ساری طاقت اور ساری توجہ مجتمع کرکے اپنا سارا زور لگا کر مرزا صاحب پر توجہ ڈالی- اس وقت میں نے دیکھا کہ وہ شیر خوفناک صورت میں مجھ پر اس طرح حملہ آور ہوا ہے کہ گویا مجھے ختم کرنا چاہتا ہے جس پر میرے منہ سے بے اختیار چیخ نکل گئی اور میں بیت الذکر سے بھاگ اٹھا-

(سیرت المہدی روایت نمبر 75)

حضرت مسیح موعود کا شعر ہے

سر سے لے کر پاؤں تک وہ یار مجھ میں ہے نہاں
اے مرے بدخواہ کرنا ہوش کر کے مجھ پہ وار

### صحبت صادقین اور حضور کی جذب وتاثیر

سیدنا حضرت مسیح موعود ہمیشہ پسند فرماتے بلکہ پرزور تاکید کرتے کہ مخلصین کثرت کے ساتھ آپ کی مجلس و صحبت میں آئیں- تاکہ خدا کی طرف سے ملنے والی تاثیر قدسی سے فیض پائیں-

4 نومبر 1903ء کا واقعہ ہے- حضرت مولوی برہان الدین صاحب جہلمی حضرت مسیح موعود کی مجلس میں حاضر تھے حضور نے انہیں مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:-

''یہاں کا رہنا تو ایک قسم کا آستانہ ایزدی پر رہنا ہے- اس حوض کوثر سے وہ آب حیات ملتا ہے- جس کے پینے سے حیات جاوداں نصیب ہوتی ہے جس پر

# خبریں

### ربوہ میں طلوع وغروب

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ بدھ | 12-جون | زوال آفتاب | 1-08 |
| ☆ بدھ | 12-جون | غروب آفتاب | 8-17 |
| ☆ جمعرات | 13-جون | طلوع فجر | 4-20 |
| ☆ جمعرات | 13-جون | طلوع آفتاب | 5-59 |

**سودی بنکاری ختم کرنے کیلئے شریعت بورڈ بنے گا** گورنر بنک دولت پاکستان ڈاکٹر عشرت حسین نے کہا ہے کہ حکومت نے عالمی مالیاتی اداروں کا اعتماد حاصل کرکے اور زرمبادلہ کے ذخائر 5.6 ارب ڈالر کی سطح پر پہنچا کر اکتوبر 2002ء کے بعد قائم ہونے والی نئی حکومت کو بیرونی قرضوں کی ادائیگی کے فکر سے آزاد کر دیا ہے- انہوں نے ان خیالات کا اظہار ایک اخبار کے زیراہتمام ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا- بعد میں ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ملک میں اسلامی بنکاری نظام کے اجراء اور سودی نظام بنکاری کے خاتمہ کیلئے شریعت بورڈ بنانے کا فیصلہ کیا ہے- جو بنک کے تمام کاروبار کا ازسرنو جائزہ لے گا- اور اسکی بنیاد پر فیصلہ کیا جائے گا کہ بنکوں کی کون کون سی پراڈکٹس اسلامی ہیں-

**بھارت نے پاکستان پر فضائی پابندیاں ختم کردیں** بھارت نے پاکستانی طیاروں پر اپنی فضائی حدود کے استعمال کی پابندی فوری طور پر ختم کردی ہے بھارتی وزارت خارجہ کی ترجمان نے ایک اخباری کانفرنس میں اس بات کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ پاکستان کے ساتھ کشیدگی ختم کرنے کیلئے بھارت کی طرف سے ایک بہت بڑا اقدام ہے- یہ پابندی یکم جنوری سے لگائی گئی تھی- اس کے جواب میں پاکستان نے بھی بھارتی پروازوں کو اپنی فضائی حدود سے گزارنے کی اجازت دے دی ہے-

**ہم کشمیر پر مذاکرات چاہتے ہیں** صدر جنرل مشرف نے کہا ہے کہ جب تک ہماری سرحدوں پر بھارتی فوجیں موجود ہیں اوران میں کسی بھی وقت ارادہ یا رائے تبدیل کرنے اور مختصر نوٹس پر کارروائی کرنے کی صلاحیت موجود ہے اس وقت تک خطرہ ختم نہیں ہوگا- یہ بات انہوں نے سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے دورے پر روانگی سے قبل چکلالہ ائرپورٹ پر اخبار نویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی-

**پاکستان اور امارات کا ایک موقف ہے** صدر جنرل مشرف نے کہا ہے کہ علاقائی اور عالمی مسائل پر پاکستان اور متحدہ عرب امارات کا موقف اور خیالات ایک ہیں- انہوں نے کہا کہ ان کے دورے کا بڑا مقصد شیخ زاید کو کنٹرول لائن اور پاک بھارت کے سرحد پر موجودہ کشیدگی اور جنگ سے بچنے کے بارے میں پاکستان کے اقدامات سے آگاہ کرنا ہے- یہ باتیں انہوں نے متحدہ عرب امارات کے دورے پر پہنچنے کے بعد اخبارنویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہیں-

**کشمیر پر سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں** بھارت کی سیکورٹی فورسز نے تحریک آزادی کشمیر کچلنے کے لئے بڑے پیمانے پر پلان تیار کرلیا ہے- اور گھر گھر تلاشی کیلئے مقامی مخبروں کے ہمراہ چھاپہ مار ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں- ریاستی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ مجاہدین کی مخبری کرنے والوں کو نقد انعام دیا جائے گا- اور حکومت ان کو مکمل تحفظ دے گی- بھارتی فوج نے تازہ کارروائیوں میں مزید 16 افراد کو شہید کردیا- بڈگام میں گولہ باری سے کئی مکان تباہ ہوگئے- سید علی گیلانی کی گرفتاری کے خلاف ہڑتال اور ریلیاں منعقد کی جارہی ہیں سید علی گیلانی کے دوسرے داماد افتخار گیلانی کو بھی حراست میں لے لیا گیا ہے-

**احمد آباد میں فسادات کی نئی لہر** بھارت کے شہر احمد آباد میں فسادات کی نئی لہر میں رکشہ ڈرائیور سمیت دو افراد ہلاک جبکہ 8 زخمی ہوگئے- تفصیلات کے مطابق کرفیو زدہ علاقے گپتا نگر سے گزرتے ہوئے 50 سالہ رکشہ ڈرائیور کو چھرا گھونپ کر ہلاک کردیا گیا-

**میانمر میں 100 فوجی اور 50 باغی ہلاک** تھائی لینڈ انٹیلی جنس حکام کے مطابق میانمر میں علیحدگی پسندوں اور فوج کے درمیان جھڑپوں کے باعث 100 فوجی ہلاک اور 150 زخمی ہوگئے- جبکہ 50 علیحدگی پسند بھی مارے گئے- میانمر فوج نے ہونگ سون صوبہ کے 200 سول باشندوں کو بیڑیاں لگا کر باز برادری کے کام پر لگادیا- 3000 سرکاری فوجی کارروائی میں شریک ہیں-

**بھارت کو آبدوزوں کی فراہمی** فرانس نے بھارت کو آبدوزوں کی فروخت مسئلہ کشمیر پر پاکستان کے ساتھ مذاکرات سے مشروط کردی ہے- فرانسیسی حکام نے کہا ہے کہ اگر بھارت معاہدہ چاہتا ہے تو اسے پاکستان کے ساتھ مسئلہ کشمیر کا حل تلاش کرنا ہوگا-

**طیارہ کے اغوا کی کوشش ناکام** ایتھوپیا ائرلائنز کی اندرون ملک پرواز کو ہائی جیک کرنے کی کوشش مین دو افراد مارے گئے- دونوں ہائی جیکروں نے ایک گھنٹہ تک طیارے کو فضا میں یرغمال بنائے رکھا- نیشنل سیکورٹی نے کارروائی کرکے دونوں ہلاک کردیئے-

**یاسر عرفات کے ہیڈکوارٹر پر حملہ** اسرائیلی فوج نے رملہ شہر پر قبضہ کرکے فلسطینی رہنما یاسر عرفات کے ہیڈ کوارٹر پر حملہ کرکے عمارت کو شدید نقصان پہنچایا- غزہ کے مہاجر کیمپ میں زبردست دھماکہ سے 40 فلسطینی زخمی ہوگئے اور تین منزلہ عمارت تباہ ہوگئی- لوگ گھروں میں بند ہوگئے - گھر گھر تلاشیوں کے دوران متعدد فلسطینیوں کو گرفتار کرلیا گیا-

**نیلسن منڈیلا کی لاکربی طیارے کے ملزم سے ملاقات** جنوبی افریقہ کے سابق صدر نیلسن منڈیلا نے سکاٹ لینڈ میں امریکی طیارے لاکربی میں دھماکے کے ملزم اور عمر قید کی سزا پانے والے لیبیا کے باشندہ عبدالباسط علی سے جیل میں ملاقات کی- ملزم کے ساتھ جیل حکام کے رویہ کا جائزہ لیا- نیلسن منڈیلا نے لیبیا اور امریکہ کے درمیان اس کیس کے سلسلہ میں اہم کردار ادا کیا تھا-

**خبریں ورلڈ کپ فٹبال 2002ء**

عالمی کپ فٹ بال میں کھیلے گئے 3 میچوں میں سے امریکہ اور کوریا کا مقابلہ ایک ایک گول سے اور تیونس اور بیلجیئم کے درمیان کھیلا گیا یہ میچ بھی ایک ایک گول سے برابر رہا جبکہ پرتگال نے پولینڈ کو 4 صفر سے ہرادیا- جس میں ان کے کھلاڑی کی پہلی اور ٹورنامنٹ کی دوسری ہیٹ ٹرک بھی شامل ہے- پہلے میچ میں امریکہ کے گول کیپر نے ٹورنامنٹ کی پہلی پنلٹی روکنے کا اعزاز حاصل کیا-

**بجلی جب تک تیل سے بنے گی سستی نہیں ہوگی** لاہور ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس کرامت نذیر بھنڈاری نے واپڈا کے خلاف دائر رٹ کی سماعت کے دوران ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ جب تک بجلی فرنس آئل سے بنتی رہے گی تب تک سستی نہیں ہوگی-


**مکان برائے فروخت/ کرایہ**

5 مرلہ 10 مرلہ کے دو مکان برائے فروخت یا کرایہ پر دستیاب ہیں- برائے رابطہ 12/1 دارالنصر غربی ربوہ فون 213259 صرف شام 6 تا 7 بجے رابطہ کریں-

**الرحمٰن پراپرٹی سنٹر**

اقصیٰ چوک ربوہ- فون دفتر 214209

پروپرائٹر: رانا حبیب الرحمان


For Genuine TOYOTA Parts

AL-FURQAN

MOTORS PVT LIMITED

Ph:
021- 7724606
7724607, 7724609

47- Tibet Centre
M.A. Jinnah Road,
KARACHI



TOYOTA, DAIHATSU

ٹویوٹا گاڑیوں کے ہر قسم کے اصلی پرزہ جات درج ذیل پتہ پر حاصل کریں

الفرقان موٹرز لمیٹڈ

فون نمبر 021- 7724606
7724607
7724609

47- تبت سنٹر ایم اے جناح روڈ کراچی نمبر 3


روزنامہ الفضل رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل- 61